For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App: bit.ly/DCNApp

iv۔ آئین کے تحت بچوں سے مزدوری کروانا ممنوع ہے:

(الف) 14 سال سے کم عمر (ب) 15 سال سے کم عمر
(ج) 16 سال سے کم عمر (د) 17 سال سے کم عمر

v۔ کسی ریاست یا ملک کا نظم ونسق چلانے کے لیے بنیادی اصولوں کا مجموعہ کہلاتا ہے:

(الف) ریاستی اصول (ب) اصول وقوانین (ج) حکومت (د) آئین

2۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (x) کا نشان لگائیں۔

i۔ پسندیدہ طرزِ حکومت آمریت ہے۔ [غلط]
ii۔ پاکستان میں بادشاہت کا نظام نافذ ہے۔ [غلط]
iii۔ ملک کے تمام قوانین، آئینی اصولوں کے مطابق مرتب کیے گئے ہیں۔ [درست]
iv۔ وفاقی حکومت صوبائی حکومتوں کے درمیان پل کا کردار ادا کرتی ہے۔ [درست]
v۔ ہر سیاسی جماعت کا اپنا ایک خاص نظریہ اور منشور ہوتا ہے۔ [درست]

3۔ کوئی سی تین وزارتوں اور ان کے موجودہ عہدہ داران کے نام لکھیں۔

وزارتِ دفاع	وزارتِ تعلیم	وزارتِ خارجہ
پرویز خٹک	شفقت محمود	شاہ محمود قریشی

باب 4 تاریخ (History)
تہذیبوں کا آغاز (The Beginning of Civilisations)

1: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

س ا: قدیم یونان کے دو بڑے شہر کون سے تھے؟ دونوں شہر کیسے ایک دوسرے سے مختلف تھے؟

ج: قدیم یونان کے دو بڑے شہر ایتھنز اور اسپارٹا تھے۔ ان دونوں شہری ریاستوں کی ثقافت بالکل مختلف تھی۔ اسپارٹا کے لوگ اپنا زیادہ تر وقت جنگ کرنے اور لڑنے کے طریقوں پر صرف کرتے تھے جبکہ ایتھنز کے لوگ فنون لطیفہ (Arts) میں دلچسپی لیتے اور تعلیم پر زیادہ توجہ دیتے تھے۔

س ۲: اولمپک کھیلوں کا آغاز کب اور کہاں ہوا؟

ج: اولمپک کھیلوں کا آغاز 776 قبل مسیح میں یونان کے شہر اولمپیا میں ہوا۔ اس لئے ان کو اولمپکس کا نام دیا گیا۔ ان کھیلوں میں میراتھن، کشتی اور باکسنگ وغیرہ شامل تھے۔ جدید اولمپکس کا آغاز بھی 1896ء میں یونان سے ہی ہوا۔

س ۳: قدیم یونان اور روم میں لوگ کیسا لباس پہنتے تھے؟

ج: ٹیونک قدیم روم کا ایک مخصوص لباس تھا۔ یہ دو سلی ہوئی دو اونی چادروں پر مشتمل ہوتا تھا۔ ٹوگا ایک لمبی چادر

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App: bit.ly/DCNApp

ہوتی تھی جسے وہ اپنے جسم کے گرد لپیٹ لیتے تھے۔

2: دیے ہوئے سوالات کے تفصیلی جواب لکھیں۔

س ا: رومی تعمیرات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: رومی اعلیٰ درجے کے انجینئر اور معمار تھے۔ انھوں نے اپنی تعمیرات میں محرابوں اور گنبدوں کو شامل کیا۔ انھوں نے گھروں میں پانی پہنچانے کے لیے پکے نالے بنائے۔ رومیوں نے بہت سی وسیع وعریض عمارتیں تعمیر کیں۔ ان میں تماشہ گاہیں، حمام اور کئی منزلہ عمارتیں شامل تھے۔ یونانی اپنی بیشتر سرکاری عمارتوں اور مندروں میں ستونوں کا استعمال کرتے تھے۔ انہوں نے بڑے بڑے تھیٹر تعمیر کر رکھے تھے جہاں ڈرامے پیش کیے جاتے تھے۔ قدیم یونانی گھروں کے درمیان میں صحن بنا ہوتا تھا۔ صحن کے اطراف میں مختلف کمرے ہوتے تھے۔ کمروں میں روشن دان بنے ہوتے تھے۔

س ۲: گندھارا کے لوگوں کا مذہب کیا تھا؟ اس مذہب کا آغاز کیسے ہوا؟

ج: ایرانیوں کی حکومت سے پہلے گندھارا میں ہندومت نمایاں مذہب تھا۔ بعد میں بدھ مت کو سرکاری مذہب بنا دیا گیا۔ بدھ مت قریباً ایک ہزار سال تک اس خطے میں پھیلتا رہا۔ اس کو پھیلانے میں موریا سلطنت کے حکمران چندر گپت موریا کے پوتے اشوکا نے اہم کردار ادا کیا۔ اس نے بدھوں کی خانقاہیں (Stupa) بنوائیں، ایشیا میں اس مذہب کو پھیلانے کے لیے مذہبی رہنما بھجوائے۔ اس نے بدھ مت کے پیغامات گزرگاہوں، میناروں اور پہاڑوں پر کندہ کروائے۔ اس کے دور میں بدھ مت، چین، منگولیا اور جاپان تک پھیل گیا۔

3: یونانی، رومی اور گندھارا تہذیب کن موجودہ علاقوں/خطوں پر مشتمل تھی؟ نام لکھیں۔

تہذیب	خطے/علاقے
یونانی	ایتھنز اور اسپارٹا
رومی	اٹلی (روم)
گندھارا	پشاور، دریائے سوات اور دریائے کابل

پاکستان کی تاریخی شخصیات (Historical Personalities of Pakistan)

1: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

س ا: دو قومی نظریے سے کیا مراد ہے اور اس نظریے کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

ج: دو قومی نظریے سے مراد یہ ہے کہ ہندو اور مسلمان دو الگ الگ قومیں ہیں کیونکہ ان کا مذہب، تاریخ، ثقافت اور تہذیب ایک دوسرے سے مختلف ہیں اس لیے وہ ایک ساتھ نہیں رہ سکتے۔ دو قومی نظریے کا بانی سر سید احمد خان کو کہا جاتا ہے۔

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App: bit.ly/DCNApp

س ۲: پاکستان کا نام کس نے تجویز کیا اور کب؟

ج: پاکستان کا نام 28 جنوری 1933 کو چودھری رحمت علی نے تجویز کیا۔

س ۳: اسلامیہ کالج پشاور کس نے قائم کیا؟ اس کی تاریخی اہمیت کیا ہے؟

ج: اسلامیہ کالج پشاور 1913ء میں سر صاحبزادہ عبدالقیوم خان نے قائم کیا۔ اس ادارے نے پختونوں میں سیاسی شعور پیدا کیا۔ اسلامیہ کالج پشاور کی تاریخی اہمیت یہ ہے کہ اس ادارے کے طلبہ نے تحریک پاکستان میں بھر پور حصہ لیا اور قرارداد پاکستان کی حمایت کی۔

2: دیے ہوئے سوالات کے تفصیلی جوابات لکھیں۔

س ۱: سر سید احمد خان نے برصغیر کے مسلمانوں کی بیداری کے لیے کیا خدمات سرانجام دیں؟

ج: <u>سر سید احمد خان کی خدمات:</u>

سر سید احمد خان نے مسلمانوں کی تعلیم و تربیت اور بیداری کے لیے بھر پور جدوجہد کی۔ سر سید احمد خان پہلے مسلمان رہنما تھے جنھوں نے کہا کہ ہندو اور مسلمان دو الگ الگ قومیں ہیں کیونکہ ان کا مذہب، تاریخ، ثقافت اور تہذیب ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ ان خیالات کی بنیاد پر سر سید احمد خان کو دو قومی نظریے کا بانی کہا جاتا ہے۔ سر سید احمد خان نے مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کے لیے تحریک علی گڑھ کا آغاز کیا۔ اس تحریک کے تحت بہت سے اسکول اور ادارے قائم کیے گئے۔ 24 مئی 1875 کو علی گڑھ میں محمڈن اینگلو اورینٹل اسکول قائم کیا گیا۔ اس اسکول کو بعد میں کالج اور پھر یونیورسٹی بنادیا گیا۔ علی گڑھ کالج کے طلبہ نے تحریک پاکستان میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

س ۲: بیگم رعنا لیاقت علی خان کی سیاسی اور معاشرتی خدمات پر نوٹ لکھیں۔

ج: <u>بیگم رعنا لیاقت علی خان کی سیاسی اور معاشرتی خدمات:</u>

بیگم رعنا لیاقت علی خان تحریک پاکستان کی سرگرم کارکن اور ممتاز سیاسی شخصیت تھیں۔ انہوں نے تحریک پاکستان کی جدوجہد میں اپنے شوہر کے شانہ بشانہ کام کیا اور خواتین میں سیاسی شعور اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ انھوں نے خواتین اور بچوں کی فلاح و بہبود کے لیے بہت سے منصوبوں کا آغاز کیا۔ انھوں نے بھارت سے پاکستان ہجرت کرنے والی خواتین اور بچوں کے لیے صحت کی سہولیات کا اہتمام کیا۔ 1949 میں انھوں نے آل پاکستان ویمن ایسوسی ایشن (APWA) کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا۔

س ۳: خیبر پختونخوا کے عوام نے پاکستان میں شمولیت کا فیصلہ کیسے کیا؟

ج: برصغیر پاک و ہند کے دوسرے صوبوں میں جب آزادی کی تحریک کا آغاز ہوا تو خیبر پختونخواہ کے لوگوں نے بھی اپنے حقوق کے لئے آواز اٹھائی۔ تقسیم ہند کے اعلان کے بعد جولائی 1947ء میں خیبر پختونخواہ میں ایک ریفرنڈم کرایا گیا اس ریفرنڈم کا مقصد یہ پتہ لگانا تھا کہ خیبر پختونخواہ کے عوام پاکستان میں شامل ہونا چاہتے ہیں یا بھارت میں۔ خیبر پختونخواہ کے عوام کی اکثریت نے پاکستان میں شامل ہونے کا اعلان کیا اور یوں یہ پاکستان کا صوبہ قرار پایا۔

Visit www.downloadclassnotes.com for Notes, Old Papers, Home Tutors, Jobs, IT Courses & more.

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App: bit.ly/DCNApp

3 : پاکستان کے مختلف صوبوں اور علاقوں سے تعلق رکھنے والی اُن نمایاں شخصیات کے نام لکھیں جنھوں نے تحریک پاکستان میں اہم کردار ادا کیا۔

سندھ	قائداعظمؒ، محترمہ فاطمہ جناح، سردار بیگم عبداللہ ہارون، بیگم رعنا لیاقت علی خان، جی الانہ اور محمد ایوب کھوڑو
پنجاب	ڈاکٹر محمد اقبال، سر میاں محمد شفیع اور ملک برکت علی
خیبر پختونخوا	سر صاحبزادہ عبدالقیوم خان، سردار اورنگ زیب خان، بیگم زری سرفراز، میاں ضیاء الدین، بہادر سعد اللہ خان، سردار عبدالرب نشتر
بلوچستان	قاضی محمد عیسیٰ، بیگم سعیدہ قاضی، فضل احمد غازی، ملک عبداللہ جان کاسی، فتح محمد، نواب محمد خاں جوگزئی اور میر جعفر خان جمالی
گلگت بلتستان	مرزا حسن خان، بابر خان، شاہ خان، شاہ رائیس خان، مرزا حسن خان، سردار محمد عالم خان
آزاد جموں و کشمیر	سید ضیاالدین اندرابی، چودھری غلام عباس

4: آپ میں ایسی کون سی تین خوبیاں ہیں جن کی وجہ سے آپ ایک مثالی شخصیت یا ہیرو بن سکتے ہیں۔ اپنی کاپی میں لکھیں۔

ج: میری تین خوبیاں

(۱) تقریر کی بہترین صلاحیت (۲) دیانت داری (۳) خدمت کا بے لوث جذبہ

حصہ معروضی (Objectives)

1۔ درست جواب کا انتخاب کریں اور (✓) نشان لگائیں۔

(۱) یونانی تہذیب پروان چڑھی۔

(ا) بحیرہ قلزم کے کنارے (ب) بحیرہ روم کے کنارے
(ج) بحیرہ اوقیانوس کے کنارے (د) بحیرہ اسود کے کنارے

(۲) بدھوں کی خانقاہوں کو کہتے ہیں:

(ا) اسٹوپا (ب) مندر (ج) چرچ (د) مسجد

(۳) تحریک علی گڑھ کا آغاز کیا:

(ا) علامہ اقبالؒ نے (ب) قائداعظمؒ نے (ج) محترمہ فاطمہ جناح نے (د) سر سید احمد خان نے

(۴) پاکستان کی پہلی خاتون صوبائی گورنر تھیں:

(ا) محترمہ فاطمہ جناح (ب) بیگم جہاں آرا شاہنواز (ج) بیگم رعنا لیاقت علی خان (د) بیگم شائستہ اکرام اللہ

(۵) بیگم جہاں آرا شاہنواز پنجاب کی قانون ساز اسمبلی کی رکن منتخب ہوئیں:

(ا) 1933ء (ب) 1935ء میں (ج) 1934ء میں (د) 1937ء میں

Visit www.downloadclassnotes.com for Notes, Old Papers, Home Tutors, Jobs, IT Courses & more.

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App:bit.ly/DCNApp

3: پاکستان کے مختلف صوبوں اور علاقوں سے تعلق رکھنے والی اُن نمایاں شخصیات کے نام لکھیں جنھوں نے تحریک پاکستان میں اہم کردار ادا کیا۔

سندھ	قائداعظمؒ، محترمہ فاطمہ جناح، سردار بیگم عبداللہ ہارون، بیگم رعنا لیاقت علی خان، جی الانہ اور محمد ایوب کھوڑو
پنجاب	ڈاکٹر محمد اقبال، سر میاں محمد شفیع اور ملک برکت علی
خیبر پختونخوا	سر صاحبزادہ عبدالقیوم خان، سردار اورنگ زیب خان، بیگم زری سرفراز، میاں ضیاء الدین، بہادر سعد اللہ خان، سردار عبدالرب نشتر
بلوچستان	قاضی محمد عیسیٰ، بیگم سعیدہ قاضی، فضل احمد غازی، ملک عبداللہ جان کاسی، فتح محمد، نواب محمد خان جوگزئی اور میر جعفر خان جمالی
گلگت بلتستان	مرزا حسن خان، بابر خان، شاہ خان، شاہ رائیس خان، مرزا حسن خان، سردار محمد عالم خان
آزاد جموں و کشمیر	سید ضیا الدین اندرابی، چودھری غلام عباس

4: آپ میں ایسی کون سی تین خوبیاں ہیں جن کی وجہ سے آپ ایک مثالی شخصیت یا ہیرو بن سکتے ہیں۔ اپنی کاپی میں لکھیں۔

ج: میری تین خوبیاں

(۱) تقریر کی بہترین صلاحیت (۲) دیانت داری (۳) خدمت کا بے لوث جذبہ

حصہ معروضی (Objectives)

1۔ درست جواب کا انتخاب کریں اور (✓) نشان لگائیں۔

(۱) یونانی تہذیب پروان چڑھی۔

(ا) بحیرہ قلزم کے کنارے (ب) بحیرہ روم کے کنارے
(ج) بحیرہ اوقیانوس کے کنارے (د) بحیرہ اسود کے کنارے

(۲) بدھوں کی خانقاہوں کو کہتے ہیں:

(ا) اسٹوپا (ب) مندر (ج) چرچ (د) مسجد

(۳) تحریکِ علی گڑھ کا آغاز کیا:

(ا) علامہ اقبالؒ نے (ب) قائداعظمؒ نے (ج) محترمہ فاطمہ جناح نے (د) سرسید احمد خان نے

(۴) پاکستان کی پہلی خاتون صوبائی گورنر تھیں:

(ا) محترمہ فاطمہ جناح (ب) بیگم جہاں آرا شاہنواز (ج) بیگم رعنا لیاقت علی خان (د) بیگم شائستہ اکرام اللہ

(۵) بیگم جہاں آرا شاہنواز پنجاب کی قانون ساز اسمبلی کی رکن منتخب ہوئیں:

(ا) 1933ء (ب) 1935ء میں (ج) 1934ء میں (د) 1937ء میں

Visit www.downloadclassnotes.com for Notes, Old Papers, Home Tutors, Jobs, IT Courses & more.

(ج) درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (x) کا نشان لگائیں۔

i۔ چیٹین قدیم رومیوں کا لباس تھا۔ (غلط)

ii۔ اولمپک کھیلوں کا آغاز 776 قبل مسیح میں یونان سے ہوا۔ (درست)

iii۔ پنجاب پاکستان میں شامل ہونے والا پہلا صوبہ تھا۔ (غلط)

iv۔ پاکستان کا نام چودھری رحمت علی نے تجویز کیا۔ (درست)

v۔ بلوچستان کے شاہی جرگے نے جون 1947ء میں پاکستان میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا۔ (درست)

---

(3) کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔

کالم الف	کالم ب (جوابات)
ایتھنز (Athens)	قدیم یونان کا شہر
کلوسیم (Colosseum)	قدیم روم کی تماشہ گاہ
پرش پورا (پشاور)	گندھارا کا شہر

باب 5	جغرافیہ نقشے کی مہارتیں اور گلوب (Map Skills & Globe)

1: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

س ۱: خطوط عرض بلد کسے کہتے ہیں۔ یہ تعداد میں کتنے ہیں؟

ج: خطوط عرض بلد: (Lines of Latitude)

وہ فرضی خطوط جو گلوب یا نقشے پر مشرق سے مغرب کی جانب پائے جائیں۔ ان میں سب سے بڑا عرض بلد جو صفر درجے پر ہے "خط استوا" (Equator) ہے۔ یہ خط زمین کو افقی طور پر دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔ ان خطوط کی کل تعداد 180 ہے۔

س ۲: خطوط طول بلد سے کیا مراد ہے؟ ان کی تعداد لکھیے۔

ج: خطوط طول بلد: (Lines of Longitude)

وہ فرضی خطوط جو گلوب یا نقشے پر شمال سے جنوب کی جانب پائے جا[illegible]ئیں خطوط طول بلد کہتے ہیں۔ خطوط طول بلد کی کل تعداد 360 ہے۔

س ۳: خط استوا اور خط نصف النہار اعظم سے کیا مراد ہے؟

ج: خط استوا:

خط استوا ایک اہم عرض بلد ہے۔ گلوب یا نقشے پر فرضی خطوط میں سب سے بڑا عرض بلد جو صفر درجے پر ہے "خط استوا"